PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 5فروری2024ء

پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے کامن ویلتھ آبزرور گروپ نے گروپ کے چیئر مین سابق صدر نائجیریا ڈاکٹر گڈلک ایبل جوناتھن کی قیادت میں آج الیکشن کمیشن سیکرٹیریٹ میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران معزز ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ کامن ویلتھ گروپ میں دیگر ارکان کے علاوہ جناب لِن فورڈ اینڈریوز، ڈاکٹر ڈِنوشا پینڈیٹیا رتنے، پروفیسر مشل سکوبی اور محترمہ ٹیمیٹوپ کیلیجائے نمایاں تھیں۔

ملاقات کے دوران چیف الیکشن کمشنر نے کامن ویلتھ آبزرور گروپ کے ارکان کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور کامن ویلتھ سیکرٹیریٹ کی جانب سے 8 فروری کے عام انتخابات کا مشاہدہ کرنے کرنے کے لیے پندرہ رکنی آبزرور گروپ بمعہ 9 رکنی سپورٹ ٹیم پاکستان بھجوانے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے عام انتخابات میں غیر ملکی آبزورز کے لیے اوپن ڈور پالیسی اپنائی ہے اور مجموعی طور پر ایک سو سے زائد عالمی آبزرور انتخابات کا مشاہدہ کرنے کے لیے پاکستان موجود ہیں اور انہیں ایکریڈٹیشن کارڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔

چیف الیکشن کمشنر نے کامن ویلتھ کے ارکان کو پاکستان میں انتخابات کے انعقاد اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی آگاہ کیا۔ کامن ویلتھ آبزرور گروپ چیئر مین ڈاکٹر گڈلک ایبل جوناتھن نے 8 فروری کے انتخابات کے پرامن اور کامیاب انعقاد کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی تیاریوں کو سراہا اور کامن ویلتھ آبزرور گروپ کو انتخابات کا مشاہدہ کرنے کے لیے پاکستان میں آمد اور اس حوالے سے جملہ سہولیات فراہم کرنے پر کمیشن کا شکریہ ادا کیا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING



Islamabad: Honourable Chief Election Commissioner, Sikandar Sultan Raja, met Chair H.E. Goodluck Ebele Jonathan, Head of Common Wealth Observer Group at ECP secretariat.

Islamabad: Honourable Chief Election Commissioner, Sikandar Sultan Raja, met Chair H.E. Goodluck Ebele Jonathan, Head of Common Wealth Observer Group at ECP secretariat.